मुहब्बत इसको कहते हैं

محبت اس کو کہتے ہیں

اداکار
شمی کپور۔ نندا
جبین۔ انور

قیمت دس نئے پیسے

زن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

محبت اس کو کہتے ہیں فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

محفل میں آپ آئے جیسے کہ چاند آیا
یہ روپ یہ کمانِ زلف یہ بادلوں کا سایا
آپ کے آنے سے اس دل نے دھڑکنا سیکھا
بن پیئے ہوش کے عالم میں بہکنا سیکھا
سرد آہوں کا مزا کیا ہے یہ جانا ہم نے
ہلکی ہلکی سی کسی آنچ میں تپنا سیکھا
کچھ ہم بھی لرز چکے کچھ دل بھی ڈگمگایا
ہائے رے رنگ بدلنا تیری رعنائی کا
اب تو مشکل ہے بدلنا تیرے سودائی کا
بیقراری کے لئے یوں بھی تھے سامان بہت
کم نہ تھا پہلے ہی عالم تیری انگڑائی کا
اس پر ترا جھپکنا کچھ اور رنگ لایا
ہم نہ دیکھیں تو تمنا ہمیں تڑپاتی ہے
دیکھتے ہو تو قیامت سی گزر جاتی ہے
مسکراہٹ ہے کہ لہراتی ہے بجلی جیسے
دیکھئے آج تو کس کس کی قضا آتی ہے
گھبرائی شمعِ محفل پروانہ ڈگمگایا

گانا نمبر ۲:۔ ٹھہریئے ہوش میں آ لوں تو چلے جایئے گا۔
اوں ہوں
آپ کو دل میں بٹھا لوں تو چلے جایئے گا
اوں ہوں
کب تلک رہئے گا یوں دور کی چاہت بن کے
دل میں آ جایئے اقرارِ محبت بن کے
اپنی تقدیر جگا لوں تو چلے جایئے گا
اوں ہوں
مجھ کو اقرارِ محبت کی حیا آتی ہے
بات کہتے ہوئے گردن میری جھک جاتی ہے
دیکھئے سر کو جھکا لوں تو چلے جایئے گا
اوں ہوں
ہائے آپ کی۔۔۔
ایسی کیا شرم ذرا پاس تو آنے دیجئے
رخ سے بکھری ہوئی زلفیں تو ہٹانے دیجئے
پیاس آنکھوں کی بجھا لوں تو چلے جایئے گا
اوں ہوں

گانا نمبر ۳:۔ تم اس کو کھیل سمجھے ہو
مگر اک دن دکھا دیں گے
محبت اس کو کہتے ہیں محبت ایسی ہوتی ہے

گانا نمبر ۴:۔ ہم سے ہوتی محبت جو تم کو
تم یہ اپنا چلن چھوڑ دیتے

درد ہوتا جو کچھ بھی ہمارا
تم یہ دیوانہ پن چھوڑ دیتے
چھوڑ دو تم ادا روٹھنے کی
ہم یہ دیوانہ پن چھوڑ دیں گے
بھول سی اک ہنسی ہر تمہاری
زندگی کا چمن چھوڑ دیں گے
تم کو کہتا ہے کیا یہ زمانہ
تم ذرا یہ کہانی بھی سنتے
آرزو ہی رہی ایک دل میں
کچھ ہماری زبانی بھی سنتے
کیا شکایت تم جو ایسے ہی ہوتے
پھر یہ اپنا چلن چھوڑ دیتے
کس قدر تنگ رہی ہو جبیں تم
کاش اترے نہ غصہ تمہارا
تم یہی چاہتے ہو تو بہتر
اب نہ اترے گا غصہ ہمارا
اک ذرا مسکرا کر تو دیکھو
ہم یہ دیوانہ پن چھوڑ دیں گے
تم نے سمجھا نہیں ہے وہ ارمان
جو دھڑکتا ہے دل میں ہمارے
تم نے دیکھا کہاں ہے وہ شعلہ

جو بھڑکتا ہے دل میں ہمارے
جب یہ شعلہ بھڑک کر بجھے گا ۔ ہم یہ ۔۔

گانا نمبر ۹: اتنا حسن پہ حضور نہ غرور کیجئے
دل کے ماروں کا خیال کچھ ضرور کیجئے
یوں نہ پھیریئے نظر مڑ کے دیکھئے ادھر
کہئے جو بھی چاہیئے اپنی غرض ہے مگر
جو ہیں آپ کے انہیں یوں نہ دور کیجئے
رو کو زلفوں تو یہیں
قابو دل پہ اب نہیں
یہ دیوانہ آپ کی زلفیں چھو نہ لے کہیں
یوں نہ روٹھ کے ہمیں مجبور کیجئے
یہ تو جانتے ہیں ہم عظیم نہیں صنم
جاتے جاتے آپ کے تب تو رک گئے قدم
کہئے ہے نہ دل کی بات منظور کیجئے

گانا نمبر ۱۰: جو ہم پہ گزرتی ہے تنہا کسے سمجھائیں
تم بھی تو نہیں ملتے جائیں تو کدھر جائیں
سمجھائے نہ سمجھے گا اس غم کو یہاں کوئی
بے دردوں کی بستی ہے ہمدرد کہاں کوئی
جو درد تمہارا ہے وہ دل کیسے دکھلائے
جب جان وفا تیری فرقت نہ ستائے گی
وہ صبح کب آئے گی وہ شام کب آئے گی

کب تک دلِ نادان کو ہم وعدوں سے بہلائیں
آجا کہ محبت کی مٹنے کو ہیں تصویریں
پہرے ہیں نگاہوں پہ اور پاؤں میں زنجیریں
بس میں ہی نہیں ورنہ ہم اُڑ کے چلے آئیں

گانا نمبر ۔

اجی تم کتنے اچھے ہیں
یہ میرے دل سے تو پوچھے
نظر کتنی بُری ہے قاتل
کسی بسمل سے پوچھے
اِدھر دیکھو کہ دھیمی پڑ گئی
لو شمع محفل کی
پتنگوں کی جگہ اُڑنے لگیں چنگاریاں دل کی
میں نے دیکھیں ہیں ادائیں تیری کچھ اور ادا ہے
تیری آنکھوں میں ہے جادو تیری باتوں میں نشہ ہے
کوئی قابو میں نہیں ہے
ذرا محفل سے تو پوچھو
کہیں جو ساتھ ہوتے حسن تیرا اور شباب اپنا
زمانہ ڈھونڈتا رہتا
نہ ملتا پھر جواب اپنا
نہیں تو کس لئے بیمار یہ نگاہیں یہ اٹھی ہیں
میرے چہرے سے پھسل کر تیرے چہرے پر رُکی ہیں
اجی تم کون ہو کیا ہو ذرا محفل سے تو پوچھو

ادا کی بجلیاں ٹوٹیں اٹھا یہ کون محفل سے
جگر میں آگ سی بھڑکی دھواں اٹھنے لگا دل سے
کوئی کہتا ہے ٹھہر جا ارے قاتل ارے قاتل
کسی لب پہ یہ صدا ہے میرا دل، ہائے میرا دل
اٹھی ہے کیسی قیامت ذرا محفل سے تو پوچھو

گانا نمبر ۲ : میری نگاہ نے کیا کام لاجواب کیا
انہیں کو لاکھوں حسینوں
میں انتخاب کیا
وہ آئے گھر میں بہار آ کے رک گئی جیسے
فضا میں پھول کی ڈالی سی جھک گئی جیسے
کچھ اس ادا سے کسی شوخ نے حجاب کیا
وہ زلف ناز کھلی
کھل کے کچھ ڈھلک سی گئی
ستارے ٹوٹ پڑے چاندنی چھلک سی گئی
جو میں نے چہرۂ جاناں کو بے نقاب کیا
یہ میرے گیت میں جو رنگ ہے نزاکت ہے
یہ سب اسی نگاہِ ناز کی عنایت ہے
کہ مجھ سے ذرے کو چمکا کے آفتاب کیا

تمام شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم 3/-/-	عملیات لچھمی کرن 2/-/-
عملیت تسخیر محبوب 1/8/-	اندر جال 1/8/-
عملیات قلوب 2/-/-	استاد جادوگراں 3/-/-
مکمل جادوگری 2/8/-	جادو مسمریزم 2/-/-
چین بنگال کا جادو -/12/-	کالا جادو 4/-/-
کامروپ کا جادو -/12/-	منتر تنتر 3/-/-
رہنما جادوگری 1/4/-	کوا تنتر 4/-/-
نقش سلیمانی 1/-/-	نقش روحانی -/12/-
تعویز سلیمانی 1/-/-	کنز الحسین 2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین 2/-/-	قیامت نامہ -/8/-
قصص الانبیاء 3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ -/12/-
ہزار مسئلہ -/12/-	" مکمل 8/-/-
صبح کا ستارہ -/12/-	فسانہ آدم -/8/-
شہید کربلا -/8/-	ضرورت المسلمین -/6/-
قصہ حضرت ایوب -/8/-	صبر کا پھل -/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعظمی پریس دہلی